# مانمن خبریں

نمبر 28_19، اکتوبر 2014

# "فضل سے بھرپور ناقابلِ فراموش لمحات"

## ۲۰۱۴ءکے شادمانی سے بھرپور مانمن سمر ریٹریٹ میں ازسرِنو تخلیق کے کام



ر سال مختلف ممالک سے مانمن سمر ریٹریٹ میں لوگ خدا کے عجیب نشانات، عجائب اور قدرت بھرے کام دیکھنے کے لئے آتے ہیں ۔ اِس سال ریٹریٹ ۲۰۱۴ء کا اہتمام ڈیانگ یُوسان ریسارٹ ، صوبہ جیانبُک میں مُوجُو کے مقام پر ۴ سے ۷ اگست تک کیا گیا۔ اس سال بھی پچیس ممالک نے شرکت کی اور اِس پروگرام کا انگریزی، چینی ، جاپانی ، روسی ، فرانسیسی، ہسپانوی، منگولیائی، ویتنامی، اور تاگالوگ(فلپائنی) زبانوں میں بیک وقت ترجمہ کیا گیا اور جی سی این کے ذریعہ براہِ راست نشر کیا گیا(www.gcntv.org)۔ (تصویر:پہلی رات منعقد ہونے والی روحانی شفائیہ عبادت میں لوگ اپنی بیماریوں سے شفا کی گواہیاں دے رہے ہیں۔)

### پہلا دن

### سمینار"پوری روح2"میں پاک روح کی تعلیمات اورکاموں سے بھرپور رھا

جب پہلے روز ڈاکٹر جے راک لی سیمینار"پوری روح2"میں راہنمائی کر رہے تھے تو اس دوران ہلکی ہلکی بارش ہوتی رہی۔ تاہم مانمن اراکین اورحاضرین وہاں سے جانے اور شکوہ کرنے کی بجائے اپنے سینئر پاسٹر ڈاکٹر لی پر بھروسا کر کے ، جو کہ از سرِ نو تخلیق کے کام ظاہر کرتے ہیں، وہیں پر موجود رہے اور دھیان سے اُن کا پیغام سنتے رہے اور اُن میں خدا کی قدرت کا اور زیادہ اشتیاق پیدا ہوا۔ خدا مانمن کی جانب سے پورے دل سے چرواہے کے لئے بھروسا دیکھ کر خوش ہوا۔خدا نے روحانی شفائیہ عبادت کے دوران پاک روح کے پُرزور کاموں کے ساتھ اپنی خوشی ظاہر کی ۔ڈاکٹر جے راک لی کی دعا کے بعد لوگوں نے بڑی تعداد میں شفا پائی اور سٹیج پر گواہی دی کہ اُنہیں کئی لاعلاج بیماریوں اور معذوریوں سے شفا مل گئی ہے ۔کئی لوگوں کی نظر بحال ہو ئی اور بعض کو اپنے مسائل کا حل مل گیا جبکہ دیگر نے اپنے دل کی مرادیں پائیں۔ اُس کے بعد سے اب تک بے شمار گواہیاں موصول ہوئی ہیں۔

۲۰۱۴ء میں بھی ماضی کی طرح مُوجُو میں بے شمار "کابلی مکھیوں،بھنبھری" کے دَل اُڑتے ہوئے وہاں آگئے ۔انہوں نے نقصان پہنچانے والے کیڑے مکوڑوں کا خاتمہ کر دیا اور بڑے نظم و ضبط کے ساتھ واپس اُڑ گئے ۔ کابلی مکھی دراصل دن ہی دن میں کام کرنے والا پتنگا ہے ۔ اگر بارش ہو رہی ہو تو یہ ایک جگہ رک جاتے ہیں کیونکہ پر گیلے ہونے کی وجہ سے انہیں اڑنے میں مشکل پیش آتی ہے ۔لیکن سیمینار کے دوران کئی کابلی مکھیاں اڑتی رہیں اور وہ اراکین پر آ کر بیٹھ جاتی تھیں حالانکہ بارش ہورہی تھی اور رات کا وقت تھا۔






"پیدائشی طور پر میری دائیں آنکھ کی نکاسی کی ورید بند تھی۔ آپریشن کے دوران بند ورید کو کھولنے کی کوشش میں ڈاکٹر کا ہاتھ اچانک حادثاتی طور پر غلط عضلات پر پڑ گیا اس کے بعد سے میں صرف اپنی بائیں آنکھ ہی چیزوں کو بغور دیکھنے کے لئے استعمال کر سکتی تھی۔دونوں آنکھوں کی بینائی میں فرق تھا اور میری دائیں آنکھ کی بصارت کا زاویہ بگڑ گیا یعنی بھینگی ہو گئی۔ مجھے عام چیز اپنے حجم سے تین گُنا چھوٹی نظر آتی تھی ۔دونوں آنکھوں میں نارنجی رنگ کی روشنی بھی مختلف نظر آتی تھی۔ جب میں اپنی دائیں آنکھ سے دیکھنے کی کوشش کرتی تو سر میں درد شروع ہو جاتا تھا۔لیکن پہلی ہی رات ڈاکٹر جے راک لی سے دعا کروانے کے بعد میری دونوں آنکھوں کی بصارت متوازن ہو گئی ۔ میں تمام رنگوں کو یکساں روشنی سے دیکھ سکتی تھی اور چیزوں پر دیکھنے سے سر میں درد بھی نہیں ہو رہا تھا۔ دائیں آنکھ سے بغور دیکھنے میں بھی مجھے کوئی مشکل پیش نہیں آ رہی تھی۔"



سسٹر نامیونگ ہیو۔ینگ ایڈلٹس مشن آف کوریا

"مجھے رشیا یونائیٹڈ کروسیڈ ۲۰۰۳ء کے دوران مانمن سینٹرل چرچ اور سینیئر پاسٹر ڈاکٹر جے راک لی کے بارے میں علم ہوا۔مانمن نیوز پڑھ کر میں نے مانمن کے ساتھ اپنی دلچسپی برقرار رکھی۔ اِسی دوران میں نے مانمن ریٹریٹ ۲۰۱۴ء میں شرکت کی تاکہ منسٹری کو دیکھ سکوں۔ مجھے یہاں ہر چیز بہت اچھی لگی۔ مجھے بالخصوص اُن اراکین نے بہت متاثر کیا جو بارش کے باوجود سیمینار میں پوری توجہ سے بیٹھے رہے ۔اگر ڈاکٹر جے راک لی کی دعا کے فوراً بعد بارش ختم ہو جاتی تو میں یہی سمجھتی کہ میں نے ایک ایسا معجزہ دیکھا ہے جس کے بارے میں صرف سُن رکھا تھا۔ لیکن مجھے اس سے بھی بڑا معجزہ دکھایا گیا اور یہ تھا ڈاکٹر جے راک لی اور اراکین کے درمیان ناقابلِ تبدیل تعلق جو بارش میں بھی پیغام کو آخر تک پوری توجہ سے سنتے رہے ۔وہ سچائی سے خدا کے ساتھ اور کلیسیا کے ساتھ پیار کرتے ہیں ، جہاں سے اُن کا ایمان صادر ہوتا ہے۔"



پاسٹر اولیگ پیٹرین، روس

# رحم اور اچھے پھلوں سے لدی حکمت

"مگر جو حکمت اوپر سے آتی ہے اوّل تو وہ پاک ہوتی ہے ، پھر ملنسار، حلیم اور تربیت پذیر۔ رحم اور اچھے پھلوں سے لدی ہوئی۔ بے طرفدار اور بے ریا ہوتی ہے۔ اور صلح کرانے والوں کے لئے راستبازی کا پھل صلح کے ساتھ بویا جاتا ہے۔" (یعقوب ۳:۱۷-۱۸)

عمومی طور پر "رحم" کی اصطلاح مہربانی اور معافی کے ظہور کے لئے استعمال کی جاتی ہے۔لیکن روحانی طور پر اس کا مطلب محض دوسروں کے لئے ترس دکھانا نہیں ہے۔اِس کا مطلب یہ ہے کہ کسی ایک جان کو ساری دنیا سے زیادہ بیش قیمت جاننا۔اگر کوئی شخص کیسی ہی لاچارگی میں کیوں نہ محسوس ہوتا ہو اُس کو کبھی چھوڑ نہ دیں بلکہ اُس کو نجات تک لانے کی کوشش جاری رکھیں۔

اگر ہم خدا کی محبت کے ساتھ رحم دکھا کر جو پھل لائیں گے وہ "اچھے پھل" ہوں گے۔پس اس طرح سے ہی "رحم" اور "اچھے پھل" ایک دوسرے سے نسبت رکھتے ہیں۔آئیں ہم رحم سے بھرپور حکمت اور اچھے پھلوں پر غور کریں۔

## 1۔رحم کے وسیلہ لائے گئے اچھے پھل

ہمارے خدا کا دل بذاتِ خود رحم ہے۔اگر خدا گنہگاروں کو معاف نہ کرے بلکہ شریعت کے مطابق سختی سے عدالت کرے تو دنیا میں کون جیتا رہ سکتا ہے ؟لیکن چونکہ خدا اپنا رحم ظاہر کرتا ہے اس لئے ہم ہمیں توبہ کا موقع ملتا اور پوری نجات تک نوبت پہنچتی ہے۔

جیسا ہمارے خدا باپ کا دل ہے، اسی طرح خداوند کا دل بھی بذاتِ خود رحم ہے۔متی ۱۲:۲۰ اِس طرح سے یسوع کے رحم کو بیان کرتی ہے کہ، "یہ کچلے ہوئے سرکنڈے کو نہ توڑے گا اور دھواں اٹھتے ہوئے سن کو نہ بجھائے گا۔جب تک کہ انصاف کی فتح نہ کرائے۔" یسوع نے اُن لوگوں کو بھی برداشت کیا جن کے بارے میں ایسا لگتا تھا کہ انہیں نجات کی کوئی امید نہیں ہے، جو کچلے ہوئے سرکنڈے کی مانند اور دھواں اٹھتے سن کی مانند تھے۔اُس نے تو ایسے گنہگاروں کو بھی معافی کی اور انجیل کی خوشخبری سُنائی جو دوسروں کے باعث مایوسی کا شکار تھے جن میں محصول لینے والے اور کسبیاں بھی شامل تھیں۔اس کی یہ وجہ ہے کہ وہ راستبازوں کو بلانے کے لئے نہیں بلکہ گنہگاروں کو توبہ کے لئے بلانے آیا تھا(لوقا۵:۳۲)۔

حتیٰ کہ یسوع نے یہوداہ اسکریوتی سے بھی یہ نہیں کہا تھا کہ "تمہارے اندر تو نجات پانے والا دل ہی نہیں ہے۔" اُس نے ایسے لوگوں کو نجات پانے کا ایک موقعہ دیا تھا۔بالآخر اُس نے صلیب پر اپنی جان دے کر سب انسانوں کے لئے نجات کی راہ کھول دی۔بے شمار ایسے لوگ جو اُس کے بیش قیمت لہو کے وسیلہ سے نجات پاتے ہیں وہ ایسا "اچھا پھل" ہیں جو رحم سے حاصل کیا گیا۔

## 2۔رحم والی حکمت زندگی دیتی ہے

### 1) معافی والا رحم

افسیوں ۴:۳۲ کہتی ہے کہ، "اور ایک دوسرے پر مہربان اور نرم دل ہو اور جس طرح خدا نے مسیح میں تمہارے قصور معاف کئے ہیں تم بھی ایک دوسرے کے قصور معاف کرو۔" لیکن دوسروں کو معاف کرنے اور اُن کے ساتھ مہربان ہونے کے لئے ضرور ہے کہ ہم پہلے دوسروں کا نقطۂ نظر سمجھیں۔شاید ہم اپنے نظریات کی وجہ سے دوسروں کے زاویہ نظر کو نہ سمجھ پائیں۔لیکن اگر ہم اپنے آپ کو اُن کی جگہ رکھ کر دیکھیں تو ہم کسی بھی صورت حال میں معاف کر سکتے ہیں۔

مثال کے طور پر، فرض کریں بے دین والدین یا شریکِ حیات آپ کے ساتھ بُرا سلوک کرتے ہیں۔پھر، اگر آپ اُن کو اُن کے زاویہ نگاہ سے نہیں سمجھیں گے تو آپ بھی غصہ کریں گے اور اُن کے ساتھ عداوت رکھیں گے۔اگر آپ اُن کو نہیں سمجھیں گے تو اُن سے محبت نہیں رکھ سکیں گے۔آپ خوف اور مایوسی کی وجہ سے اُن کو نظر انداز کرنے کی کوشش کریں گے۔کسی ایماندار بیوی کی فطری حالت کو اُس کا بے ایمان شوہر کبھی سمجھ نہیں سکتا۔پس، جب کلیسیا اور ایمان کے بارے میں بات کریں تو اگر بیوی صرف اپنے نظریہ کی بات کرے گی تو دونوں کے درمیان کبھی اتفاق نہیں ہو سکے گا۔لہٰذا آپ کو صرف یہ نہیں کہنا چاہئے کہ شوہر غلط ہے، بلکہ آپ کو چاہئے کہ اُس کی مرضی کو سمجھیں اور اُس کے نقطۂ نظر سے سوچیں۔صرف اُسی صورت میں آپ حکمت پا سکتے ہیں۔



بزرگ پاسٹر ڈاکٹر جے راک لی

### 2) سزا والا رحم

ایسا لگتا ہے جیسے معافی اور سزا ایک دوسرے کے متضاد ہیں لیکن حقیقت میں ایسا نہیں ہے۔اس لئے کہ رحم والی سزا عدالت کے ساتھ یا کسی پر نفرت کے ساتھ الزام لگا کر نہیں دی جاتی۔یہ محبت کے ساتھ دی جاتی ہے۔خدا کی طرف سے مقررہ سزا رحم والی سزا ہوتی ہے۔وہ لوگوں کے ساتھ اپنی محبت کی وجہ سے انہیں سزا دیتا ہے۔اگر ہم گناہوں کی اونچی دیوار کھڑی کر لیں اور خدا ہم سے روپوش ہو جائے تو پھر مزید کوئی سزا نہیں ہو گی۔عبرانیوں ۱۲:۶ کہتی ہے کہ ،"کیونکہ جس سے خداوند محبت رکھتا ہے اُسے تنبیہ بھی کرتا ہے۔اور جس کو بیٹا بنا لیتا ہے اس کے کوڑے بھی لگاتا ہے۔"

بعض لوگ اپنے قصور چھپانا چاہتے ہیں اور تنقید سے بچنے کے لئے بہانے بازی کرتے رہتے ہیں۔یا اگر اُن کے عیب ظاہر ہو جائیں تو وہ بہت دل برداشتہ ہو جاتے ہیں۔جب ہم توبہ کرتے اور پوری طرح اپنی راہوں سے باز آجاتے ہیں تو خدا یقیناً ہمیں معاف کرتا ہے اور مشکلات میں سے نکلنے اور بحال ہونے کا موقع بھی دیتا ہے۔حتیٰ کہ وہ ہمارے گزشتہ گناہوں کو یاد بھی نہیں کرے گا۔

بعض اوقات شاید آپ کو ایماندار بھائیوں کے قصوروں کا علم ہو جاتا ہے اور آپ محسوس کرتے ہیں کہ آپ کو انہیں مشورہ جات دینے یا تنقید کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔سب سے پہلے چاہئے کہ اپنے دل کا احتیاط سے جائزہ لیں۔ہو سکتا ہے کہ آپ اپنی نصیحت کو محبت بھری نصیحت کہیں لیکن عین ممکن ہے کہ خود آپ کی راستبازی اور عملی انداز کی نگاہ میں یہ بدی ہو جو دوسروں میں عیب تلاش کرنا چاہتی ہے۔یہ بھی ہو سکتا ہے کہ آپ دوسروں کو سکھانا اور اور اُن پر اختیار رکھنا چاہتے اور اپنی سخت دلی کی وجہ سے یہ چاہتے ہیں کہ وہ اُس طرح سے عمل کریں جیسا آپ چاہتے ہیں۔اگرچہ ہم خدا کے کلام کے حوالہ جات دیں، تو بھی پاک روح کے کاموں کو اُس وقت تک نہیں دیکھ سکتے جب تک محبت کے ساتھ نہ کئے جائیں۔

ایسی نصیحت دوسرے شخص کو سمجھنے یا اُسے زندگی پانے کا موقع نہیں دے گی۔بلکہ اِس سے بد خواہی پیدا ہوتی اور اُس کے لئے دل شکنی کا باعث ہو گی۔ہو سکتا ہے اپنا قصور مان کر وہ شخص بہتری کی کوشش میں ہو لیکن جب وہ ایسی نصیحت سُنے جس میں بدخواہی اور کمزور خیالات شامل ہو تو اُس کی حوصلہ شکنی ہو گی اور وہ گمراہ ہو جائے گا۔

پس، جب ہم کسی شخص کو نصیحت کریں یا کسی کو سزا دیں، تو ہمیں روحانی رحم کے سیاق وسباق کے مطابق اور اُس شخص کے نظریہ اور مرضی کے مطابق ایسا کرنا چاہئے۔اس کے علاوہ ہمیں اُس کے لئے دعا کرنے اور ایسی محبت کے ساتھ تنبیہ کرنے کی ضرورت ہے جو اُس کے لئے اپنی جان تک دے سکے ۔جب ہم ایسے دل کے ساتھ کسی کو سزا دیتے ہیں تو اُس کو زندگی بھی دے سکتے ہیں۔

### 3) خیرات کرنے والا رحم

اگر ہمارے اندر روحانی رحم ہے تو ہم دوسروں کی حاجتمندی میں دیکھ کر اُن پر یونہی ترس نہیں کھاتے رہیں گے۔بلکہ عملی طور پر اُن کی دستگیری کریں گے ۔حقیقی رحم کا مطلب ہے قول اور فعل سے اور سچائی سے دوسروں کی مدد کرنا جیسا کہ ۱-یوحنا ۳:۱۸ میں لکھا ہے۔

جن جانوں نے نجات نہیں پائی اُن کے لئے ہم میں یقیناً ترس اور رحم ہونا چاہئے کیونکہ وہ انجیل کی خوشخبری سے واقف نہیں ہیں۔چونکہ ہمارے اندر رحم ہے اس لئے ہم اذیت اٹھانے کے دوران بھی منادی کر سکتے ہیں خواہ اس سے ہمارے جان خطرہ میں کیوں نہ پڑ جائے۔اس کے علاوہ ہمیں اُن لوگوں کے ساتھ رحم دکھانے کی ضرورت ہے جو اِس دنیا میں ناکام ہو جاتے ہیں، جن کی حالت مخدوش ہے اور کمزور و لاغر اور ٹھکرائے ہوئے ہیں۔

جب اس طرح ہم سچائی کے ساتھ رحم ظاہر کرتے ہیں تو خدا بھی اپنا رحم ہم پر دکھائے گا۔خدا ہماری کارگزاری سے بڑھ کر ہمیں برکت دیتا ہے اور ہمیں بکثرت بھر دیتا ہے (لوقا ۶:۳۸)۔اسی لئے دوسروں کی مدد کرنا حکمت ہے۔

لیکن جب ہم دوسروں کی مدد کریں تو ہمیں لازماً پرکھ لینا چاہئے۔سب سے پہلے چاہئے کہ ہم ایماندار گھرانوں کی مدد کریں۔ہم اُن لوگوں کی مدد کر کے برکت نہیں پا سکتے جو شراب نوشی یا جوئے بازی کی وجہ سے کام نہیں کرتے، اور اُن کی بھی جو شریعت پر عمل نہ کرنے کی وجہ سے مالی مشکلات میں پڑتے ہیں۔اگر آپ اُن کی مالی مدد کریں گے تو یہ خدا کی نظر میں ٹھیک نہیں ہو گا۔ہو سکتا کہ آخر میں اُن کے ساتھ ساتھ آپ بھی تکلیف اٹھانے لگیں۔

## 3۔رحم کے اچھے پھلوں سے لدی ہوئی حکمت

اگر ہمارے اندر بکثرت رحم موجود ہو، تو ہم اچھے پھلوں سے بھرپور ہو سکتے ہیں۔رحم کے کام بھی یقیناً روح القدس کے کام میں خوبصورت پھلوں کی طرح حاصل ہوں گے۔سب سے بڑھ کر یہ کہ ہم کئی جانوں کو نجات تک لا کر نجات کا پھل پائیں پائیں گے۔اگر ہم رحم کے ساتھ عمل کرتے ہیں تو ہم اپنے دلوں میں اچھا پھل لائیں گے۔نیک اعمال جیسے تمام کام جو ہم بُرے لوگوں کے ساتھ بھی دکھاتے ہیں اور برداشت کے ساتھ دعائوں کی مہک اور نیکی، یہ سب کچھ اچھے پھل ہیں۔ایسے پھلوں کے وسیلہ سے ہم زمین پر اور آسمان پر بھی عزت پائیں گے۔

یسوع نے بھی اپنے ناقابلِ بیان رحم سے بے شمار پھل پائے۔اُن نے دم توڑتی جانوں کے لئے اپنے رحم میں رضاکارانہ طور پر موت کا درد اٹھایا۔اُس پھل کے ساتھ بے شمار جانیں نجات کی راہ پر آگئی ہیں۔

عزیز بھائیو اور بہنو! جب مشکل پیدا کرنے والے اور ایسے لوگ موجود ہوں جن کا کردار اچھا نہ ہو تو ہمیں اُن کے ساتھ کیسا رویہ رکھنا چاہئے؟ کیا آپ نے کبھی یہ نہیں سوچا کہ "میرا خیال ہے کہ وہ کبھی چرچ نہ آئے . . یا کاش وہ کسی دوسرے محکمے میں چلا جائے؟" خدا چاہتا ہے کہ ہم رحم اور اچھے پھلوں سے بھر جائیں اور محبت کے ساتھ ہر ایک جان کی فکر کریں۔

مجھے امید ہے کہ آپ اپنے پڑوسی کے ساتھ سچائی، عمل، تسلی اور دردمند دل کے ساتھ محبت رکھیں گے اور ضرورت مندوں کی مدد کریں گے۔میں خداوند کے نام میں دعا کرتا ہوں کہ ایسا کر کے آپ خدا کو پسند آئیں اور آپ میں رحم اور نیکی کے پھل بکثرت پائے جائیں۔

## ایمان کا اقرار

1. تؤمن كنيسة مانمين المركزية بأن الكتاب المقدس هو كلمة نفخة اللّٰه وبأنه كامل وبدون نقص.
2. تؤمن كنيسة مانمين المركزية بوحدة وبعمل اللّٰه الثالوث: اللّٰه الآب القدوس, اللّٰه الإبن القدوس, اللّٰه الروح القدس.
3. تؤمن كنيسة مانمين المركزية بأن خطايانا مغفورة فقط بدم يسوع المسيح الفادي.
4. تؤمن كنيسة مانمين المركزية بقيامة وبصعود يسوع المسيح, بمجيئه الثاني, بالحكم الألفي, وبالسماء الأبدية.
5. أعضاء كنيسة مانمين المركزية يعترفون بإيمانهم من خلال "قانون الإيمان" في كل مرة يجتمعون فيها ويؤمنون بمحتواه حرفياً.

"وہ (خدا) تو خود سب کو زندگی اور سانس اور سب کچھ دیتا ہے"۔(اعمال 25:17)

"اور کسی دوسرے کے وسیلہ نجات نہیں کیونکہ آسمان کے تلے آدمیوں کو کوئی دوسرا نام نہیں بخشا گیا جس کے وسیلہ سے ہم نجات یں"۔(اعمال 12:4)

Urdu
مانمن نیوز
شائع کردہ مانمن سینٹرل چرچ
نمبر 3-235 گُروڈونگ 3، گرُو۔گو، سیول کوریا (848-152)
فون 7047-818-2-82 فیکس 7048-818-2-82
ویب سائٹ www.manmin.org/english
www.manminnews.com
ای میل manminministry@manmin.org
ناشر: ڈاکٹر جے راک لی
مدیرِاعلیٰ: سینئیر ڈیکنیس گیومسُن وِن

"جب میں چھوٹی تھی تو میرے والدین میں چپقلش رہتی تھی اور وہ اکثر مجھے بُری طرح ڈانٹتے تھے ۔مجھے کسی طرف سے محبت کا احساس نہیں ملتا تھا۔ یہاں تک کہ جب میں مڈل سکول میں تھی تب خود کشی کرنے کی کوشش کی ۔مجھے دوسروں کے ساتھ ملنے جُلنے میں بڑی مشکل پیش آتی تھی ۔لیکن جب میں نے ڈاکٹر جے راک لی سے دعا کروائی تو مجھے اپنے دل میں گرمجوشی محسوس ہوئی اور میں آنسوئوں کے ساتھ پھٹ پڑی ۔اب میں دوسروں کے ساتھ مناسب بات چیت کرتی ہوں اور ذہنی حالت اور سوچ مثبت ہو چکی ہے۔"



سسٹر یوکو ہیاشی، جاپان

"جِلد صاف کرنے والی مصنوعات میں سے ایک لوشن استعمال کرنے کے بعد میری جِلد خراب ہو گئی تھی۔اِس میں بہت جلن اور خارش ہوتی تھی اور میں اپنا چہراہ کھُجاتی رہتی تھی ۔میرے چہرے پر جھریاں بننا شروع ہوئیں ، چہرے پر سوزش آگئی اور بخار بھی ہو گیا۔ میں اپنی آنکھیں نہیں کھول سکتی تھی۔ میں نے ۲۶ جولائی ۲۰۱۴ء کو ڈاکٹر جے راک لی سے دعا کروائی۔پھر جِلد ٹھیک ہونے لگی اور حرارت اور سوزش بھی کم ہوگئی ۔میں نے چار اگست کو منعقدہ شفاعیہ عبادت میں اس بات کی گواہی دی ۔ اُس وقت سے میں مسلسل اور تیزی سے بہتر ہونا شروع ہوئی ۔اب مجھے مکمل شفا مل چکی ہے۔"



ڈیکنیس جِن لی، پرفارمنگ آرٹس کمیٹی، کوریا

"پرائمری سکول میں پڑھائی کے دوران میں نے بہت زیادہ وقت کمپیوٹر پر گزارا جس سے میری نظر خراب ہو گئی ۔ میں چشمے کے بغیر لوگوں کو پہچان بھی نہیں سکتی ، خواہ وہ میرے بہت قریب ہی کیوں نہ ہوں اور میں اپنے سامنے ہاتھ کی لکھائی بھی نہیں پڑھ سکتی تھی ۔ڈاکٹر جے راک لی سے دعا کروانے کے بعد میری آنکھوں میں ٹھنڈک محسوس ہوئی ۔پھر میں بغیر چشمے کے سب کچھ دیکھنے لگی ۔میری سہیلی جینیفر کو بھی تبخیرِ معدہ کے عارضہ سے شفا مل گئی۔"



سسٹر بیورلی آگوجیتو، فلپائین



## دوسرا دن

## کھیلوں کا دن، "موسم کو اِس سے زیادہ بہتر نہیں بنایا جاسکتا تھا!"









کھلوں کے پہلے ، دوسرے اور تیسرے دن گریٹ گرینڈ پیرش اورکلیسیائوں کی ذیلی شاخوں کی ٹیموں نے کھیل میں حصہ لیا، جس میں مقابلہ بہت سخت رہا لیکن دوستانہ اور اچھے انداز میں ۔فتح کا جھنڈہ دوسری گریٹ گرینڈ پیرش کی ٹیم کو مِلا۔ کسی کی دل شکنی نہ ہوئی اور مانمن ارکان ایک دوسرے کے ساتھ پہلے سے بھی زیادہ محبت میں قائم رہے۔

اُس دن موسم قابلِ دید تھا۔ صبح سویرے ہیں گھرے سیاہ بادل آ کر سورج کو چھپانے لگے ۔اگر بادل نہ ہوتے تو میدان کا درجہ حرارت دھوپ کی وجہ سے بڑھ جاتا، اور اس کے بعد بارش کے بغیر درجہ حرارت کسی صورت کم نہیں ہو سکتا تھا۔

خدا نے ایسے بادل بھیجے جن سے بارش برسی ، سیمینار ساری رات چلتا رہا اور صبح ہی سے آسمان پر بادل چھائے رہے ۔اب دھوپ نکل آئی اور پھر، جب تھوڑی سی گرمی بڑھنے لگی تو جلد ہی ٹھنڈی ہواچلنے لگی ۔سورج کی نیم گرم کرنوں اور ٹھنڈی ہوا کے امتزاج نے موسم کو قابلِ دید بنا دیا تھا۔ سارا جلال اور شکر خدائے محبت کے لئے جس نے مانمن کو خوشگوار کھیلوں سے لطف اندوز ہونے کا موقع دیااور کھیلوں والے دن بہترین موسم مہیا کیا۔













"تقریباً پچیس ممالک سے آئے ہوئے لوگوں نے سپورٹس ڈے پر پُرامن کھیلوں کے انعقاد سے لطف اٹھایا۔ ہم خودش تھے کہ چرواہا ہمارے ساتھ ہے اور ہم نے ایسے اچھے موسم میں خدا کے تحفظ کو محسوس کیا۔ روحانی شفا کی عبادت کے دوران ، میری بینائی بہتر ہو گئی اور اب مجھے عینک لگانے کی ضرورت نہیں رہی جسے میں گزشتہ چالیس برس سے استعمال کر رہی تھی۔"



سسٹر جینٹ، فرانس

"میں ایک دوڑمیں حصہ لینے والی تھی جس میں سے کھیلوں کے دن کے لئے ۱۰۰ میٹر کی دوڑ میں حصہ لینے والوں کو منتخب کیا جانا تھا۔ پھر مجھے محسوس ہوا کہ جیسے میری ران کی پشت پر ایک پٹھہ کٹ رہا ہے ۔تکنیکی اعتبار سے ایسا محسوس ہوا جیسے میں سپورٹس ڈے پر دوڑ میں حصہ نہیں لے سکوں گی ۔لیکن جب سیمینار کے بعد ڈاکٹر جے راک لی نے دعا کی تو میرے سارے بدن سے نچلے دھڑ تک ٹھنڈک کا ایک احساس ہوا۔مجھے اپنی شفا کا پختہ یقین ہو گیا۔ اگلے روز میں نے ۱۰۰ میٹر کی سپرنٹ دوڑ اور ریلے دوڑ میں حصہ لیا اور طلائی تمغے جیت لئے ۔کہا جاتا ہے کہ عموماً پٹھوں کے کٹ جانے کے بعد ٹھیک ہونے میں کم از کم چھ ماہ درکار ہوتے ہیں ۔ لیکن مجھے صرف تین روز میں مکمل شفا ہو گئی ، ہالیلویاہ۔"



بھائی ہیونگبے پارک، مردانہ ایم وی پی، کوریا

"میں نے بے شمار کابلی مکھیاں اور دلکش کھیل دیکھے ۔میں نے میچ میں مقابلہ کے لئے آنے والے کئی اراکین کو کھیلوں کے دن میں اتحاد اور یگانگت میں تیار دیکھا تو مجھے بہت برکت ملی ۔بادلوں نے سورج کو ڈھانپ لیا اور ڈاکٹر جے راک لی کی دعا کے مطابق بعض اوقات ٹھنڈی ہوائوں کے جھونکے بھی آتے تھے جن سے مجھے بہت اچھا احساس ہوا۔ میں نے خدا کی محبت اور چرواہے کی محبت کو محسوس کیا۔"



سسٹر وکٹوریہ کولیسووا، ایستونیا

## تیسرا دن

## کیمپ فائر ورشپ کنسرٹ، "کیامیں چرواھے کے محل میں کنسرٹ ھال میں ھوں؟"


کیمپ فائر ورشپ کنسرٹ کا انعقاد خدا کے فضل سے ٹھنڈے جھونکوں کی تازگی میں ہوا جس نے ماحول میں ۲۲ سے ۲۳ ڈگری تک درجہ حرارت برقرار رکھا۔

ڈاکٹر جے راک لی نے کنسرٹ کی قیادت کی جہاں اراکین آسمان پر خداوند کے ساتھ ابدی ایام کو تصور کر سکتے تھے ۔وہ اپنے دل پیش کر کے جن کی انہوں نے خوبصورتی سے آبیاری کی تھی، خدا ، خداوند اور چرواہے کے ساتھ ایک ہوگئے اور حمد و ثناء میں خدا کے لئے شکر اور محبت ظاہر کی۔انہوں نے ناقابلِ فراموش یادداشتیں قائم کیں جنہیں آسمانی صفحات پر شامل کیا جائے گا۔ نئے یروشلیم کے لئے اُن کی امید مزید بڑھی۔

پسِ پردہ گائیک اوررقص کرنے والے (ہیونلی وائس کورس، ہیونلی ڈانس ٹیم ، اور پاور ورشپ ٹیم) پسِ پردہ ساز بجانے والے (ہالیلویاہ بینڈ) اور نِسّی آرکسٹرا نے اپنے فنکاروں کی مدد سے شادمانی کو دو چند کر دیا۔
















"مجھے خدا کے ہاتھوں کا لمس محسو س کر کے بہت اچھا لگا۔ یہ بہت ہی حیرت انگیز تھا۔ میں نے اپنے ماضی کے سب گناہوں سے توبہ کی اور پاک روح کی موجودگی محسوس کی ۔ستائش کے دوران میں نے آنسوئوں کے چشمے بہا دیئے ۔اس کے بعد میں بہت خود اور شادمان ہو گیا۔ میں نے ناچتے ہوئے اپنے سارے دل سے اور آزادی کے احساس کے ساتھ خدا کی حمد کی۔میں اِ س واقعہ کو اس طرح دیکھتا ہوں کہ اگلے سال بھی یہاں آئوں گا۔"

سسٹر شنڈلر گولباخار، سویٹزرلینڈ



"میں بہت متاثر ہوئی جب ڈاکٹر جے راک لی محبت اور عزت کے ساتھ خدا کی تعظیم اور پرستش کر رہے تھے ۔چرواہے کی راکین کے ساتھ محبت، اُن کے چرواہے کے لئے محبت ، اُن کا مضبوط ہم آہنگی کا جذبہ ،اور اُن کے پورے دل سے ستایش جیسی سب باتوں نے مجھے بہت متاثر کیا۔ جب ٹھنڈی ہوا چلنے لگی تو میں نے خدا کی محبت کو محسوس کیا اور شادمان ہو گیا ۔زیادہ دیر کھڑے رہنے سے میں درد محسوس کرتی تھی لیکن مجھے ایسے لگا کہ ستائش کے دوران تمام درد ختم ہو گیا ہے۔"

ایلڈر متھیاس کساسا، یُوکے



"میں نے کیمپ فائر ورشپ کنسرٹ میں خدا کی محبت کا عجیب احساس پایا ۔جب میں نے آتش بازی دیکھی تو مجھے آسمان کی امید ہوئی اورمجھے نئے یروشلیم کا کامل یقین ہو گیا۔ جب ڈاکٹر جے راک لی "مُنتظر و مشتاق "گا رہے اور ستائش کر رہے تب میں اُن سے بہت متاثر ہوئی اور بہت حوصلہ افزائی ہوئی ۔موسم بھی بہت اچھا تھا۔"

سسٹر سٹیفین جانسن، یو ایس اے



"کیمپ فائر ورشپ کنسرٹ قابلِ دید تھا۔ ڈاکٹر جے راک لی کی محبت کے احساس نے مجھے خوب متاثر کیا۔ اِس پروگرام کو جی سی این کے ذریعہ براہِ راست نشر کیا گیا تھا یہ دنیا میں بے شمار لوگوں کے لئے بہت بڑی برکت ہے ۔عموماً موسمِ گرما میں اِ س وقت بہت گرمی ہوتی ہے لیکن ڈاکٹر جے راک لی نے موسم کے لئے دعا کی اور پھر وہ ٹھنڈا ہو گیا اور اراکین نے بہت خوش کُن وقت گزارا۔"

سسٹر ڈیبورہ تانگ، ملائشیا

جي سي إن GCN Global Christian Network
(الشبكة المسيحية العالمية)
هاتف:82-2-824-7107
فاكس:82-2-813-7107
www.gcntv.org
webmaster@gcntv.org

World Christian Doctors Network WCDN
(شبكة الأطباء المسيحيين في العالم)
هاتف:82-2-818-7039
فاكس:82-2-830-5239
www.wcdn.org
wcdnkorea@gmail.com

MIS
(معهد مانمين الدولي للتعليم العالي)
هاتف:82-2-8187334
فاكس:82-2-830-3310
www.manminseminary.org
manminseminary2004@gmail.com

كتب أوريم
هاتف:82-70-8240-2057
فاكس:82-2-869-1537
www.urimbooks.com
urimbook@hotmail.com